۱۱۔حاشیہ تحریر اقلیدس بر مقالہ اولیٰ

۱۲۔حاشیہ شرح سلم مولوی حمد اللہ رحمہ اللہ

۱۳۔حاشیہ شرح سلم مولوی حسن جو ابھی مسودے کی شکل میں ہے۔

۱۴۔تیس سوالوں پر مشتمل کتاب الملخیص عن الغویص جسے انھوں نے بہت عجلت میں تحریر کیا اور عتبات عالیات عرش درجات کے کسی زائر نے اس کتاب کو وہاں کے علما کی نظر سے گزارا۔ وہاں کے مشاہیر علما نے اس کے جواب تحریر کرنے کے لئے ایک لمبی مہلت مانگی۔ بوشہر کے شیخ خلف نامی عالم نے اپنی صلاحیت کے اعتبار سے اس کتاب کا جواب تحریر کیا ہے۔

۱۵۔معمیات اور الغاز کے سلسلے میں رسالہ ''بدیہ لہیہ''

۱۶۔انشائے مکاتب عربیہ جو زیادہ تر مولانا ،علامہ زمان سید العلما دامت معالیہ کے خطوط ہیں جسے انھوں نے علمائے کربلا و نجف و مشہد کو تحریر کئے ہیں۔

۱۷۔رسالہ ''فوج العبیر''

۱۸۔رسالہ ''الشریعۃ الغراء'' (دوجلد)

۱۹۔منابر الاسلام (دوجلد)

۲۰۔لسان الصباح

۲۱۔رطب العرب (دیوان اشعار عربی)

۲۲۔بیت الحزن (مثنوی فارسی)

۲۳۔نان وحلوا (مثنوی فارسی)

۲۴۔ید بیضا

۲۵۔ریاحین الانشاء (فارسی خطوط)

۲۶۔نصر المومنین در رد یہود

۲۷۔آب زلال (عربی و فارسی)

۲۸۔ظل ممدود (مکاتیب علماء عرب وعجم)

۲۹۔مثنوی المرصع (عربی و فارسی)

۳۰۔تفسیر سورۂ رحمن (عربی)

۳۱۔تفسیر سورۂ ق

۳۲۔انوار یوسفیہ (فارسی مخطوطہ)

۳۳۔تفسیر آیہ سیتجنبھا الاتقیٰ

۳۴۔حاشیہ شرح لمعہ

❁❁❁

سلام بہ حضور مولیٰ علی رضی اللہ عنہ

فاروقؔ جائسی صاحب، سپرنٹنڈنٹ کسٹمس اینڈ سینٹرل ایکسائز، کانپور

آج پھر محفل سجی ہے حیدرِ کرارؑ کی
ہے یہاں بارش مسلسل رحمت و انوار کی

ورد تو کیجے علیؑ مشکل کشا کے نام کا
وہ مدد کرتے ہیں ہر دم بے کس ونادار کی

لا فتی الا علیؑ، لا سیف الا ذوالفقار
یہ ہے شانِ حیدری، توصیف یہ تلوار کی

ان کی چشمِ غیب بین و غیب دانی کے حضور
کچھ حقیقت ہی نہیں ہے پردۂ اسرار کی

شہرِ علمِ مصطفیٰؐ کا باب ہیں مولیٰ علیؑ
یہ حدیثِ معتبر ہے احمدؐ مختار کی

چھین لیں کس نے درِ خیبر سے ساری عظمتیں
اب بھی ہے لرزیدگی قائم در و دیوار کی

آ گئے ہیں ان کی محفل میں تو اے فاروقؔ اب
بھیک لے کر جائیں گے سب وارثِؑ سرکار کی

❁❁❁